کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔ مقالہ ہذا تین ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے۔

باب اول میں پروفیسر احمد رفیق اختر کے احوال زیست کو بیان کیا گیا ہے۔ اس باب میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ پہلی فصل میں پروفیسر احمد رفیق اختر کے حالات زندگی کو بیان کیا گیا ہے۔ دوسری فصل میں پروفیسر احمد رفیق اختر کا مختلف آراء کے تناظر میں جائزہ لیا گیا ہے۔ تیسری فصل میں پروفیسر احمد رفیق اختر کی علمی و تصنیفی خدمات کو بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم میں مباحث تصوف کو پروفیسر احمد رفیق اختر کے افکار کے تناظر میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ باب تین فصول پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں حقیقت تصوف اور افکار پروفیسر احمد رفیق اختر کو بیان کیا گیا ہے۔ دوسری فصل میں تالیفات پروفیسر احمد رفیق اختر میں مباحث تصوف کی وضاحت کی گئی ہے۔ تیسری فصل میں حروف مقطعات اور علم الاسماء کے ذریعے فروغ تصوف کو بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم میں تصوف کی تفہیم جدید اور پروفیسر احمد رفیق اختر کے افکار کا جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ باب تین فصول پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں اصلاح تصوف میں پروفیسر احمد رفیق اختر کے کردار اور معاشرے پر اس کے مرتب شدہ اثرات کو بیان گیا ہے۔ دوسری فصل میں تصوف اور تفردات پروفیسر احمد رفیق اختر کی وضاحت کی گئی ہے اور تیسری فصل میں پروفیسر احمد رفیق اختر کے اسلوب و منہج و خصائص کو بیان کیا گیا ہے۔